# 2. سلام کے بعد شک

## ۲. سلام کے بعد شک

مسئلہ٣٧۶۔ اگر نماز کے سلام کے بعد شک کرے کہ نماز صحیح پڑھی ہے یا نہیں مثلاً شک کرے کہ رکوع انجام دیا ہے یا نہیں یا چار رکعتی نماز میں سلام کے بعد شک کرے کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں یا پانچ تو اپنے شک کی پروا نہ کرے اور بنا رکھے کہ نماز صحیح پڑھی ہے یعنی پہلی مثال میں یوں سمجھے کہ رکوع انجام دیا ہے اور دوسری مثال میں یوں سمجھے کہ چار رکعتیں پڑھی ہیں۔

مسئلہ٣٧٧۔ اگر نماز کے سلام کے بعد رکعتوں کی تعداد کے بارے میں شک کرے لیکن شک کی دو نوں طرف نماز باطل ہوتی ہو مثلاً چار رکعتی نماز کے سلام کے بعد شک کرے کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا پانچ تو نماز باطل ہے۔